18/01/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

PM سکیم

وزیر اعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے **10** ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں پھیلے **50** ہزار سے زیادہ دیہات میں **SVAMITA** سکیم کے تحت جائیداد مالکان میں **65** لاکھ سے زائد پراپرٹی کارڈ تقسیم کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم کی طرف سے شروع کی گئی اس سکیم کا مقصد دیہی بھارت کی اقتصادی ترقی کو یقینی بنانا ہے۔

من کی بات

اس ماہ کی آخری اتوار کو یوم جمہوریہ کے پیش نظر وزیر اعظم کے من کی بات پروگرام کا **118** واں شمارہ اب **26** جنوری کے بجائے کل یعنی **19** جنوری کو نشر کیا جائے گا۔

LG

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے دوردرشن کیندر جموں کے شعبہ خبر کی جانب سے یوٹی کے حالیہ اسمبلی انتخابات پر شائع کی گئی کافی ٹیبل بک کی رسم رونمائی انجام دی۔ انہوں نے یہ ٹیبل بک شائع کرنے کیلئے دوردرشن جموں کے شعبہ خبر اور ایڈیٹوریل سٹاف کو مبارکباد دی۔

شعبہ خبر کے سربراہ وویک پاٹھک نے ایل جی کو **RNU** کی سرگرمیوں کے بارے میں جانکاری دی۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کل پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ گورنمنٹ ڈگری کالج سانبہ میں ''**Mathamatical** سائنس اینڈ اپلی کیشنز'' پر دوروزہ قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ وزیر موصوفہ نے تعلیم اور تحقیق کو آگے بڑھانے کیلئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایک ایسے تعلیمی نظام کا تصور کرتی ہے جو جامع تحقیق پر مبنی اور عالمی معیار کے مطابق ہو۔

شرما

ٹرانسپورٹ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر ای۔گورننس ایجنسی کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ اس ایجنسی کو یوٹی میں ای۔گورننس پروجیکٹوں کی منصوبہ بندی اور عمل آوری کا کام تفویض کیا گیا ہے۔ ایجنسی کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر نے وزیر کو اس ایجنسی کی مالی اور طبعی حصولیابیوں کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔ وزیر نے ایجنسی کے کام کاج میں مزید معقولیت لانے کی ضرورت پر زور دیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اتل ڈلو نے اونتی پورہ میں آل انڈیا انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز پر جاری کام کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے پر زور دیا ہے۔ مذکورہ ادارے کے تعمیراتی کام اور دیگر امورات کا جائزہ لینے کی غرض سے طلب کی گئی ایک میٹنگ میں ایمز اونتی پورہ کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ڈاکٹر سچید انندا موہنتی نے چیف سیکریٹری کو تفصیلات دیتے ہوئے بتایا کہ ادارے پر 61 فیصد تعمیراتی کام مکمل کیا جاچکا ہے۔ دریں اثناء چیف سیکریٹری ایک علیحدہ میٹنگ میں جموں صوبے کے گھرانہ ویٹ لینڈ اور سچیت گڈھ کو سیاحتی مقام کے طور ترقی دینے کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔

ٹرانسپورٹ

ٹرانسپورٹ کمشنر جموں وکشمیر وشیش پال مہاجن نے کل بمنہ میں ٹرانسپورٹ بھون کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ریجنل ٹرانسپورٹ آفس کشمیر کے ساتھ ساتھ ٹرانسپورٹ کمشنر کے نئے دفتر میں جاری تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے عمل آوری ایجنسی کو ہدایت دی کہ وہ پروجیکٹ کو بروقت مکمل کریں ۔ بعد میں ٹرانسپورٹ کمشنر نے اسسٹنٹ ریجنل ٹرانسپورٹ افسروں کی ایک میٹنگ طلب کی اور کام کاج کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ التواء میں پڑے تمام آن لائن معاملات کا جلد نپٹارا کرے ۔

بجٹ اجلاس

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس 31 جنوری سے شروع ہو گا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 31 جنوری کو لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کریں گی ۔

مرکزی بجٹ یکم فروری کو پیش کیا جائے گا ۔ بجٹ اجلاس کا پہلا حصہ 31 جنوری سے 13 فروری تک جبکہ دوسرا حصہ 10 مارچ سے 4 اپریل تک ہوگا ۔

DC کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ایک جائزہ میٹنگ میں ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت موصول ہوئی درخواستوں کی چھان بین اور انکی منظوری پر جلد کاروائی کرنے کی متعلقہ افسران کو ہدایت دی۔ انہوں نے محکمہ ایگریکلچر کے افسران اور بینکوں کے نمائندوں پر زور دیا کہ وہ انکی طرف سے کی جانے والی کاروائی میں سرعت لائیں تاکہ مستفیدین کو جلد اس سکیم سے فائدہ اور مراعات حاصل ہوں۔

DC گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل نے کل ایک میٹنگ میں ماتا کھیر بھوانی مندر تولہ مولہ اور اسکے آس پاس جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مندر کے احاطے میں مجوزہ یاتری نِواس اور دیگر عمارتوں میں تجدید ومرمت کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقعے پر اس استھاپن سے جڑے افراد نے کئی معاملات ڈپٹی کمشنر کے سامنے رکھے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ ان معاملات کا ازالہ کرنے کیلئے جلد اقدامات کریں۔

اُدھر ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے ضلع ہیڈ کواٹر میں جاری ترقیاتی پروجیکٹوں کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ کام میں سرعت لائیں اور ان پروجیکٹوں کو مقررہ مدت میں مکمل کریں۔

Closing

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا

اب ہمارے یہاں سے خبروں کا اگلا بلیٹن سہ پہر چار

بج کر بیس منٹ پر پہاڑی زبان میں نشر ہوگا

ہمیں دیجئے اجازت خدا حافظ